Department of Education
Chancellor David C. Banks

25 مئی، 2022

عزیزی اہلِ خانہ،

آج ہم، ایک بار پھر، طلبا اور اساتذہ کے بےحِس اور المناک قتل جیسی ایک دل برداشتہ صورت حال سے نمٹنے سے دوچار ہیں۔ گزشتہ چند سالوں میں ہم نے بہت کچھ برداشت کیا ہے اور ہماری اسکول برادریوں نے غیر متوقع مسابقتوں کا سامنا نہایت لچک کا مظاہرہ کر کے کیا ہے۔ ان کو ان کے اپنے ہی کمرہ جماعتوں (کلاس رومز) میں اسلحہ کے ذریعے تشدد کی پریشانی سے آزاد ہونا چاہیئے۔ کسی بھی والدین کو اپنے بچے کی حفاظت کے متعلق فکرمند نہیں ہونا چاہیئے جب یہ ہر صبح ان کو اسکول چھوڑ کر جاتے ہیں۔ کسی بھی استاد یا پرنسپل کو خوف محسوس نہیں ہونا چاہیئے جب دن کے دوران ایک کلاس روم یا اسکول کا دروازہ کھلے۔ کسی بھی بچے کو کسی دوست یا ہم جماعت کے کھو جانے پر موم بتی جلانے کی ضرورت نہیں پڑنی چاہیئے۔

اس وقت، یہ اہم ہے کہ ہم ایک ساتھ متحد ہوں اور ہمارے شہر کو وہ کرنا چاہیئے جو ہم بہترین انداز میں کرتے ہیں: ایک دوسرے کی مدد کریں۔ اسکولی عملے کے ممبران معاونت اور مدد فراہم کرنے کے لیے رضا مند اور اہل ہیں۔ اپنے بچے کی یاددہانی کروائیں کہ ان کا اسکول ایک محفوظ جگہ ہے اور ان کی اپنے جذبات کا اشتراک کرنے کی حوصلہ افزائی کریں۔ برائے مہربانی اسکول کے عملے کے ممبران کے ساتھ اپنے بچے کے خدشات کا اشتراک بلاجھجھک کریں تاکہ ہم مناسب مدد فراہم کر سکیں۔

میں، ہماری اسکول کی برادری کے تمام ممبران کی دوبارہ یقین دہانی کروانا چاہتا ہوں کہ ہر روز ہم تحفظ پر توجہ مرکوز کیے ہوئے ہیں۔ نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم ہماری اسکول برادری کو متاثر کرنے والے اہم واقعات کے دوران مدد اور معلومات فراہم کرنے کے لیے نیو یارک شہر محکمئہ پولیس اور شہر کی شرکا ایجنسیوں کے ساتھ مل کر کام کرنا جاری رکھے گا۔ نیو یارک شہر کے تمام اسکول تحفظ کے نہایت کڑے طریق کار کی پابندی کرتے ہیں جن کو تمام بچوں کو ہر وقت، خاص طور پر ایک ہنگامی صورت میں محفوظ رکھنے کے لیے تشکیل کیا گیا ہے۔ بچوں کو محفوظ رکھنے کے لیے ہم جن طریق کار کی پابندی کرتے ہیں ان کی معلومات کو آپ ہماری ویب سائٹ schools.nyc.gov/school-life/safe-schools/emergency-readiness پر تلاش کر سکتے ہیں۔

براہِ کرم یقینی بنائیں کہ آپ کے اسکول کے پاس آپ کے خاندان سے ہنگامی صورت میں رابطہ کرنے کی تازہ معلومات ہیں۔ اس کے علاوہ، آپ نوٹیفائی این وائی سی (Notify NYC) کے لیے (a858-nycnotify.nyc.gov) پر رجسٹر کر سکتے ہیں اور ہنگامی صورت میں تازہ ترین معلومات کی حصولی کو یقینی بنانے کے لیے آپ ایک این وائی سی اسکولز اکاؤنٹ (schoolsaccount.nyc) بنا سکتے ہیں۔

ہمارے طلبا کی صحت اور حفاظت بدستور ہماری اولین ترجیح ہے، اور ہم مشکل اوقات کے دوران آپ کی مدد کرنے کے لیے یہاں پر دستیاب ہیں۔

بخلوص،

David C. Banks

David C. Banks
چانسلر